Legal Services
Commission South Australia

LAW FOR YOU

ساؤتھ آسٹریلیا میں رہنے والے نئے تارکین وطن کے لیے قانون کے متعلق مختصر

آپ کے لیے قانون

URDU

مندرجات

تعارف	1
آسٹریلیا میں قانون	2
ڈرائیونگ	3
استعمال شدہ گاڑی خریدنا	4
گاڑیوں کے حادثات	5
اشیاء اور خدمات خریدنا	6
پولیس	7
عائلی تشدّد	8
کرایے کا گھر	9
شادی	10
علیحدگی اور طلاق	11
بچے اور علیحدگی	12
بچوں کی نگہداشت	13
سرکاری فیصلے	14
کام	15
جرمانے	16

آپ کے لیے قانون

ساؤتھ آسٹریلیا میں رہنے والے نئے تارکین وطن کے لیے قانون کے متعلق مختصر

یہ ساؤتھ آسٹریلیا میں رہنے والے نئے تارکین وطن کے لیے قانون کے متعلق بنیادی رہنمائی ہے۔ اس کا مقصد انگلش نہ بولنے والوں کو اہم ترین قوانین سے آگاہ ہونے اور قانونی مسائل کے لیے دستیاب خدمات کے بارے میں جاننے کے لیے مدد دینا ہے۔ اگر کسی شخص کا کوئی قانونی مسئلہ ہو تو جلد از جلد قانونی مشورہ حاصل کرنا اہم ہے۔

یہ رہنمائی لیگل سروسز کمیشن نے نئے تارکین وطن کو قانون کے متعلق آگہی دلانے کے لیے تیار کی ہے۔ اسے وہ لوگ بھی استعمال کر سکتے ہیں جنہیں بنیادی قانونی تصوّرات کو سمجھنے اور یہ جاننے کی ضرورت ہو کہ مدد کہاں سے مل سکتی ہے۔

کیا آپ اپنے مالی حقوق کے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ کو کسی قانونی مسئلے کے لیے مدد کی ضرورت ہے؟ مفت مشورے اور معلومات کے لیے لیگل سروسز کمیشن سے رابطہ کریں۔ ہمارے وکیل آپ کو فون پر یا ملاقات کی صورت میں مدد دے سکتے ہیں۔ یہ مدد رازدارانہ ہے اور آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔ 1300 366 424 پر لیگل ہیلپ لائن کو فون کریں۔ یہ سروس پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 4:30 بجے تک دستیاب ہے۔ اگر آپ کو لیگل سروسز کمیشن سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر کی ضرورت ہے تو پہلے 131 450 پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (TIS) کو فون کریں اور ان سے 1300 366 424 پر بات کروانے کے لیے کہیں۔

آسٹریلیا میں قانون

- ہر شخص قانون کی تعمیل کا پابند ہے۔
- اگر آپ قانون توڑیں تو آپ کو پیسے ادا کرنے پڑ سکتے ہیں یا عدالت میں جانا پڑ سکتا ہے۔
- سب لوگوں کے لیے قانون کے متعلق معلومات مفت دستیاب ہیں۔
- آپ کو لیگل سروسز کمیشن سے مفت قانونی مدد مل سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au
تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

ڈرائیونگ

- ساؤتھ آسٹریلیا میں گاڑی چلانے کے لیے آپ کے پاس قانوناً قابل قبول لائسنس ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ ساؤتھ آسٹریلیا میں نئے ہیں تو Service SA سے پوچھیں کہ کیا آپ کا لائسنس قابل قبول ہے۔

- آپ کو ایسی گاڑی نہیں چلانی چاہیے جو رجسٹرڈ نہ ہو اور نہ ہی رجسٹریشن کے بغیر گاڑی کو سڑک پر کھڑی چھوڑنا چاہیے۔

- بچوں سمیت ہر شخص کے لیے سیٹ بیلٹ پہننا لازمی ہے۔ بچوں کے لیے خاص کار سیٹ اور بیلٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ بچے کی جسامت اور عمر پر منحصر ہے کہ آپ کو کس قسم کی کار سیٹ یا بیلٹ استعمال کرنی ہو گی۔ مزید معلومات کے لیے Kidsafe SA سے رابطہ کریں۔

- آپ کے لیے ڈرائیونگ کے تمام قوانین کا علم حاصل کرنا اور ان کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔ ان اصولوں کی خلاف ورزی کی سزا میں جرمانے، جیل اور لائسنس سے محرومی شامل ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

Service SA
13 10 84

Kidsafe SA
8161 6318 www.kidsafesa.com.au/road-safety

استعمال شدہ گاڑی خریدنا

کار یارڈ سے گاڑی خریدنا

- مکینک یا RAAسے گاڑی چیک کروائیں۔
- کار ڈیلر یہ یقینی بنانے کا پابند ہوتا ہے کہ گاڑی چوری شدہ نہ ہو اور اس پر قرض (فنانس) باقی نہ ہو۔

پرائیویٹ طور پر مالک سے گاڑی خریدنا

- مکینک یا RAAسے گاڑی چیک کروائیں۔
- کبھی کبھی اگر گاڑی پر قرض (فنانس) باقی ہو تو بینک گاڑی لے سکتا ہے۔ یہ آپ کے گاڑی خرید لینے اور اپنے نام پر رجسٹر کروا لینے کے بعد بھی ہو سکتا ہے۔ یہ چیک کرنے کے لیے کہ آیا گاڑی پر قرض باقی ہے، 777 007 1300 پر Personal Property Securities Register (PPSR)کو فون کریں۔ آپ کے پاس 'Vehicle Identification Number' (VIN)ہونا چاہیے جو رجسٹریشن کے کاغذات اور انجن پر لکھا ہوتا ہے۔ PPSR میں سرچ کی تھوڑی سی فیس لگتی ہے اور آپ صرف کریڈٹ کارڈ سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔
- یہ یقینی بنائیں کہ گاڑی چوری شدہ نہیں ہے۔ PPSR آپ کے لیے یہ بھی چیک کر سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)

1300 366 424

www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس

(Translating and Interpreting Service, TIS)

131 450

گاڑیوں کے حادثات

- اگر گاڑی کا حادثہ ہو جائے تو ہر ڈرائیور رکنے اور زخمیوں کی مدد کرنے کا پابند ہے۔

- ڈرائیوروں پر لازم ہے کہ ایک دوسرے کو اپنی یہ تفصیلات دیں: نام، پتہ اور انشورنس کمپنی۔

- اگر کوئی زخمی ہوا ہو یا اگر سب کاروں کی مرمت کا کل خرچ 3000$ سے زیادہ ہو تو پولیس کو رپورٹ کریں۔

- جب آپ گاڑی کی رجسٹریشن فیس ادا کرتے ہیں تو اس میں 'تھرڈ پارٹی کمپلسری انشورنس' (تیسرے فریقوں کی لازمی انشورنس) شامل ہوتی ہے۔ اس رقم سے ان لوگوں کو معاوضہ ادا کیا جاتا ہے جو کار کے حادثے میں زخمی ہو جائیں۔ اس سے گاڑیوں کی مرمّت کا خرچ ادا نہیں کیا جاتا۔

- گاڑی کی مرمّت کے لیے آپ کچھ دوسری قسموں کی انشورنس لے سکتے ہیں:
  - 'تھرڈ پارٹی پراپرٹی انشورنس' (تیسرے فریقوں کی املاک کی انشورنس) سے تب دوسرے شخص کی گاڑی کو ہونے والا نقصان بھرا جاتا ہے جب حادثہ آپ کی غلطی سے ہوا ہو۔
  - 'کمپری ہینسیو انشورنس' (جامع انشورنس) سے آپ کی گاڑی اور دوسرے شخص کی گاڑی، دونوں کا نقصان بھرا جاتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

پولیس
ہنگامی صورتحال میں 000 پر فون کریں یا پولیس کو بلانے کے لیے 131 444 پر کال کریں (جب ہنگامی صورتحال نہ ہو)۔

اشیاء اور خدمات خریدنا

- اگر آپ کوئی چیز خریدنے کے بعد دیکھیں کہ یہ ٹوٹی ہوئی، غیر محفوظ یا ناکارہ ہے یا ویسی دکھائی نہیں دیتی جیسی دکھائی دینی چاہیے تو آپ کو حقوق حاصل ہیں۔ آپ اس چیز کی مرمّت کروا سکتے ہیں یا نئی چیز حاصل کر سکتے ہیں یا اپنے پیسے واپس لے سکتے ہیں۔ یہ تب بھی ممکن ہے جب وارنٹی ختم ہو چکی ہے۔

- ہمیشہ رسید سنبھال کر رکھیں۔

- کسی کانٹریکٹ پر دستخط کرنے سے پہلے کسی کی مدد سے سمجھ لیں کہ اس کا کیا مطلب ہے۔ لمبے کانٹریکٹس، جیسے موبائل فون کے کانٹریکٹ، کے سلسلے میں یہ بہت اہم ہے۔

- اگر آپ اپنے داخلی دروازے کے باہر 'Do Not Knock' سٹیکر لگا دیں تو ممکن ہے کہ لوگ چیزیں بیچنے کے لیے آپ کے گھر نہ آئیں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

Consumer Credit Law Centre SA
(ساؤتھ آسٹریلیا میں صارفین کے قرضہ جات سے متعلق قوانین کا مرکز)
8342 1800 (دیہی علاقوں سے کال کرنے کے لیے)

پولیس

- پولیس معاشرے کا تحفظ کرتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ لوگ قانون کی تعمیل کریں۔ پولیس بھی قانون کی تعمیل کی پابند ہے۔
- جرم کی تفتیش کرتے ہوئے پولیس کسی سے بھی پوچھ گچھ کر سکتی ہے۔
- آپ کو پولیس کی پوچھ گچھ میں اپنے نام، پتے اور تاریخ پیدائش کے علاوہ کسی اور سوال کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر آپ موٹر گاڑی چلا رہے ہوں تو پولیس کے طلب کرنے پر آپ لائسنس دکھانے کے بھی پابند ہیں۔
- پولیس کے دوسرے سوالات کا جواب دینے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کرنا آپ کا حق ہے۔
- اگر انگلش آپ کی ترجیحی زبان نہیں ہے تو پولیس سے بات کرتے ہوئے آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) لینے کا حق حاصل ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

پولیس

ہنگامی صورتحال میں 000 پر فون کریں یا جب ہنگامی صورتحال نہ ہو تو پولیس کو بلانے کے لیے 131 444 پر کال کریں۔

عائلی تشدّد

- آسٹریلیا میں لوگوں کو عائلی تشدّد سے محفوظ رکھنے کے لیے قوانین موجود ہیں۔
- عائلی تشدّد کی بہت سی صورتیں ہو سکتی ہیں جیسے جسمانی، جنسی، نفسیاتی، زبانی، جذباتی اور مالی بدسلوکی۔
- کسی کو عائلی تشدّد کے خطرے کے ساتھ زندگی نہیں گزارنی چاہیے۔ پولیس اور عدالتیں اسے ایک سنگین جرم سمجھتی ہیں۔
- پولیس اور عدالتیں گھر کے ایک فرد کے لیے یہ آرڈر جاری کر سکتی ہیں کہ وہ آئندہ عائلی تشدّد نہ کرے۔ اسے 'Intervention Order' (روک تھام کا آرڈر) کہا جاتا ہے۔
- اگر گھرانے کا فرد تشدّد سے باز نہ آئے تو وہ قانون کی گرفت میں آئے گا۔
- جو لوگ اپنے گھر میں محفوظ نہ محسوس کرتے ہوں، ان کے لیے خاص مفت خدمات موجود ہیں۔ ان میں خواتین کی پناہگاہیں، کاؤنسلنگ سروسز (ماہرانہ مشورے کی خدمات) اور قانونی مشورہ شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

Women's Legal Service (خواتین کے لیے قانونی سروس)
1800 655 037

پولیس
ہنگامی صورتحال میں 000 پر فون کریں یا جب ہنگامی صورتحال نہ ہو تو پولیس کو بلانے کے لیے 131 444 پر کال کریں۔

Domestic Violence Gateway Helpline
(عائلی تشدّد سے نکلنے کے لیے امدادی فون لائن) 1800 800 098

کرائے کا گھر

- مالک مکان پر لازم ہے کہ گھر کو معقول حالت میں رکھے۔
- اگر گھر کو کوئی نقصان پہنچے تو کرایہ دار کے لیے مالک مکان کو بتانا لازمی ہے۔
- اگر گھر کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار کرایہ دار نہ ہو تو مرمّت کا خرچ مالک مکان اٹھائے گا۔
- کرایہ دار کی ذمہ داری ہے کہ کرایہ ادا کرے اور گھر کو صاف، باترتیب اور اچھی حالت میں رکھے۔
- یہ ثابت کرنے کے لیے رسیدیں حاصل کریں کہ آپ نے کرایہ ادا کیا ہے۔
- کرایہ داروں کو زیادہ شور نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی ہمسایوں کے لیے خلل پیدا کرنا چاہیے۔
- عدالت یا ٹرائبیونل کے آرڈر کے بغیر آپ کو گھر سے نہیں نکالا جا سکتا۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

Rent Right SA
1800 060 462

شادی

- آسٹریلیا میں شادی دو افراد کے بیچ ہوتی ہے جن میں سے ہر ایک کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہونا ضروری ہے۔
- خاص حالات میں 16 اور 17 سال عمر کے افراد تب شادی کر سکتے ہیں جب انہیں عدالت اجازت دے۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ عدالت اس کی اجازت دے۔
- قانون یہ اجازت نہیں دیتا کہ 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کی شادی کرنے کے لیے اسے آسٹریلیا سے باہر لے جایا جائے۔
- آسٹریلیا میں ایسا کوئی قانون نہیں ہے جو دو قانوناً شادی شدہ افراد کو اکٹھے رہنے کا پابند کرتا ہو۔
- شادی کے سبب ایک شوہر یا بیوی کو اپنے شریک حیات کے ساتھ جنسی فعل کرنے کا حق نہیں مل جاتا۔ اگر ایک شخص جنسی فعل کرنے کے لیے اپنی مرضی سے تیار نہ ہو تو اس کے ساتھ جنسی فعل کرنے کو ریپ یا جنسی زیادتی کہا جاتا ہے، چاہے وہ دونوں افراد شادی کے بندھن میں بندھے ہوں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)

1300 366 424

www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس

(Translating and Interpreting Service, TIS)

131 450

علیحدگی اور طلاق

- جو شخص شادی کے رشتے میں نہ رہنا چاہتا ہو، وہ طلاق حاصل کر سکتا ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ غلطی کس کی تھی۔
- طلاق سے مراد شادی کا باقاعدہ، قانونی اختتام ہے۔ طلاق حاصل کرنے کے لیے آپ کو عدالت کو درخواست دینی پڑتی ہے۔
- طلاق کی درخواست دینے سے پہلے ضروری ہے کہ آپ نے کم از کم 12 مہینے پہلے بطور جوڑا زندگی گزارنا چھوڑ دیا ہو۔
- ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے علیحدگی اختیار کرنا ممکن ہے بشرطیکہ دو افراد ازدواجی زندگی کی عام سرگرمیاں اب مزید نہ کرتے ہوں جیسے بستر کا ساتھ، مل کر کھانا کھانا، مشترکہ بینک اکاؤنٹس رکھنا یا اپنے بچوں کے ساتھ اکٹھے باہر جانا۔
- علیحدگی کے بعد بچوں کی نگہداشت اور اثاثوں کی تقسیم کے متعلق عائلی قوانین (فیملی لاز) موجود ہیں۔ یہ قوانین اس سے قطع نظر واجب ہوتے ہیں کہ آپ قانوناً شادی شدہ ہیں یا نہیں۔
- اگر آپ علیحدگی کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا علیحدگی اختیار کر چکے ہیں تو آپ کو قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔ وکیل آپ کو آپ کے قانونی حقوق اور ذمہ داریاں سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے اور بتا سکتا ہے کہ آپ کے لیے قانون کیسے لاگو ہوتا ہے۔
- علیحدگی یا طلاق سے امیگریشن کے حوالے سے آپ کی حیثیت پر فرق پڑ سکتا ہے۔ آپ کو اس بارے میں قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

عائلی عدالتیں (Family Law Courts)
1300 352 000

بچے اور علیحدگی

- والدین اپنے بچوں کے لیے ذمہ دار ہیں۔ چاہے والدین کی علیحدگی ہو چکی ہو، اس سے ان کی ذمہ داری نہیں بدلتی۔
- بچوں کو اپنے والدین سے ملنے کا حق حاصل ہے بشرطیکہ یہ بچوں کے لیے محفوظ ہو۔
- اکثر علیحدگی یافتہ والدین اپنے بچوں کی نگہداشت مل کر کرتے رہنے کے طریقے نکال لیتے ہیں۔
- کچھ علیحدگی یافتہ والدین اپنے بچوں کے لیے انتظامات پر متفق نہیں ہو پاتے۔ عائلی معاملات کا وکیل (فیملی لائر) والدین کو قانونی مشورہ دے سکتا ہے اور ایک معاہدے پر متفق ہونے میں مدد دے سکتا ہے۔
- سنگین کیسوں میں، عائلی عدالت (فیملی کورٹ) فیصلہ کر سکتی ہےکہ بچوں کے سلسلے میں کیا ہونا چاہیے۔
- عائلی ثالثی (فیملی میڈیئیشن) اسے کہا جاتا ہے کہ والدین ایک خودمختار ثالث کی مدد سے بچوں کے لیے انتظامات پر آپس میں بات چیت کریں اور عدالت میں نہ جائیں۔
- والدین میں سے ایک سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ دوسرے فریق کو 'چائلڈ سپّورٹ' (بچوں کے اخراجات کے لیے پیسے) ادا کرے تاکہ اسے بچوں کی نگہداشت کے لیے مدد ملے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

بچوں کی نگہداشت

- والدین اپنے بچوں کی نگہداشت کرنے اور انہیں نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔
- والدین بچوں کو یہ سکھانے کا حق رکھتے ہیں کہ ان کا طرزعمل کیسا ہونا چاہیے۔ والدین کو تربیت کے سلسلے میں بچوں کو تکلیف پہنچانے کی اجازت نہیں ہے۔
- جب والدین اپنے بچوں کی نگہداشت نہ کرتے ہوں یا انہیں تکلیف پہنچاتے ہوں تو ڈیپارٹمنٹ فار چائلڈ پروٹیکشن ان بچوں کے تحفظ کے لیے قدم اٹھا سکتا ہے۔
- ایسی مفت خدمات موجود ہیں جو والدین کو مشورے، بچوں کی نگہداشت اور عائلی مشاورت (فیملی کاؤنسلنگ) کے لیے مدد دے سکتی ہیں۔
- بچوں کے ساتھ کام کرنے والے جن پیشہ ور افراد کے خیال میں کسی بچے کو نقصان پہنچ سکتا ہو، وہ ڈیپارٹمنٹ فار چائلڈ پروٹیکشن کو رپورٹ کرنے کے پابند ہیں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

پولیس
ہنگامی صورتحال میں 000 پر فون کریں یا جب ہنگامی صورتحال نہ ہو تو پولیس کو بلانے کے لیے 131 444 پر کال کریں۔

ڈیپارٹمنٹ فار چائلڈ پروٹیکشن
بچوں کے ساتھ بدسلوکی کی رپورٹ کرنے کے لیے فون لائن 131 478
کرائسس کیئر (مصیبت میں مدد)، (دفتری اوقات کے بعد) 131 611

والدین کے لیے امدادی فون لائن (Parent Helpline)
1300 364 100

سرکاری فیصلے

- سرکاری حکام اپنے فیصلے اصولوں کے مطابق کرنے کے پابند ہیں۔
- آپ ان سرکاری فیصلوں کے متعلق قانونی مشورہ لینے اور سوالات پوچھنے کا حق رکھتے ہیں جو آپ کو متاثر کرتے ہیں۔
- کبھی کبھار آپ ان فیصلوں میں تبدیلی کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ سمجھتے ہوں کہ کوئی سرکاری فیصلہ غلط ہے تو آپ Ombudsman SA یا کامن ویلتھ اومبڈزمین کو شکایت کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

کامن ویلتھ اومبڈزمین
1300 362 072

Ombudsman SA
8226 8699
1800 182 150 (دیہی علاقوں سے کال کرنے کے لیے)

کام

- کام پر آپ کے حقوق کا تحفظ کرنے والے کئی قوانین ہیں جن میں یہ شامل ہیں:
    - o آپ کو کتنی تنخواہ ملے گی
    - o اگر آپ کام پر زخمی ہو جائیں تو معاوضہ
    - o کام پر منصفانہ سلوک
    - o کام پر محفوظ رہنا
    - o آپ کی تنخواہ، ٹیکس اور سپرابنوئیشن (ریٹائرمنٹ پنشن) کے ریکارڈ
- اگر آپ کسی یونین کے رکن ہیں تو یونین آپ کو مشورہ دے سکتی ہے اور کام پر آپ کے حقوق کا تحفظ کر سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

فیئر ورک اومبڈزمین (تنخواہ اور کام پر حقوق)
131 394
www.fairwork.gov.au/languages

Working Women's Centre SA
(ساؤتھ آسٹریلیا میں برسر روزگار خواتین کا مرکز)
1800 652 697

جرمانے

- جرمانہ ایک قسم کی سزا ہے یعنی قانون توڑنے پر آپ کو رقم ادا کرنی پڑتی ہے۔
- اگر آپ مقررہ تاریخ تک جرمانے کی پوری رقم ادا کرنے کی گنجائش نہ رکھتے ہوں تو Fines Enforcement and Recovery Unit(جرمانوں کے نفاذ اور وصولی کے یونٹ) سے بات کریں۔
- Fines Enforcement and Recovery Unit آپ کی مالی گنجائش کی بنیاد پر قسطوں میں ادائیگی کا انتظام کر سکتا ہے۔
- اگر آپ Fines Enforcement and Recovery Unit کے ساتھ کوئی انتظام طے نہ کریں تو یہ یونٹ آپ سے جرمانے کی جبری وصولی کا اختیار رکھتا ہے۔
- اپنے جرمانے کو نظر انداز نہ کریں – اگر آپ ادائیگی نہ کر سکتے ہوں تو مدد مانگیں۔

مزید معلومات کے لیے

لیگل سروسز کمیشن (عمومی معلومات اور رابطہ)
1300 366 424
www.lsc.sa.gov.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
(Translating and Interpreting Service, TIS)
131 450

Fines Enforcement and Recovery Unit
(جرمانوں کے نفاذ اور وصولی کا یونٹ)
1800 659 538

نوٹس

Legal Services
Commission South Australia

لاء فاؤنڈیشن آف ساؤتھ آسٹریلیا کی مدد سے شائع کردہ۔

The LAW FOUNDATION of SA Incorporated

اس وسیلے میں شامل کچھ مواد اور تصویریں آسٹریلین لیگل ایڈ کمیشنز کے طبع کردہ *‘What’s the law? Australian law in my new country’* کتابچے سے لی گئی ہیں۔

اعلان دستبرداری: قانون میں اکثر تبدیلیاں ہوتی ہیں اور اس اشاعت میں دی گئی معلومات شاید تازہ نہ ہوں۔ اس اشاعت میں دی گئی معلومات صرف عام رہنمائی کے طور پر ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ ہم لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنے قانونی مسائل کے متعلق انفرادی مشورہ لیں۔

©لیگل سروسز کمیشن مارچ 2015، فروری 2022 میں تبدیلیوں کے بعد۔